Roll No..........................

# MAUL-102

**Masnavi, Marsia Aur Nazm**

**(مثنوی، مرثیہ اور نظم)**

Master of Arts (MA-12/16) URDU

First Year, Examination, 2017

**Time : 3 Hours** **Max. Marks : 70**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصّوں ’الف‘، ’ب‘ اور ’ج‘ پر مشتمل ہے۔ تمام حصّوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجیے۔

(حصّہ الف)

مندرجۂ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ ہر سوال کے ۱۵ نمبر ہیں۔

۲×۱۵=۳۰

۱۔ درج ذیل شعری اقتباسات کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔





(۱)

اک شور تھا کہ آج زمیں، آسماں ہے
صحرائے کربلا نہیں، دنیا کی جان ہے
اترا زمیں پہ چاند، یہ خالق کی شان ہے
رضوان نے دی صدا کہ خدا مہربان ہے
پرتو ہے یہ رُخِ خلف بوتُراب کا
دیکھو، الٹ گیا ہے ورق آفتاب کا

(۲)

جو اہل فضل، عالم فاضل کہاتے ہیں
مفلس ہوئے تو کلمہ تلک بھول جاتے ہیں
پوچھے کوئی ’الف‘ تو اسے ’بے‘ بتاتے ہیں
وہ جو غریب غربا کے لڑکے چڑھاتے ہیں
ان کی تو عمر بھر نہیں جاتی ہے مفلسی

۲۔ میر حسن کی مثنوی ’سحرالبیان‘ کی کن خوبیوں کی بنیاد پر اسے ایک شاہ کار مثنوی کا نام دیا جاتا ہے؟

۳۔ اقبالؔ کی نظم 'شعاعِ امید' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

۴۔ اختر الایمان کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔

(حصّہ ب)

درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ سوالات کے جوابات مختصر دیجیے۔ ہر سوال کے ۶ نمبر ہیں۔ ۶×۵=۳۰

۱۔ مثنوی کی تعریف بیان کیجیے۔

یا

مثنوی کی صنف کو کیوں ایک اہم درجہ حاصل ہے۔

۲۔ مخدوم کی نظم ،موت کا گیت، پر ایک نوٹ لکھیے۔

یا

اختر شیرانی کی کسی نظم کا تجزیہ اختصار کے ساتھ کیجیے۔

۳۔ مثنوی 'زہرِ عشق' کی کیا انفرادیت ہے۔

یا

انیسؔ کی مرثیہ نگاری کی کسی ایک خصوصیت پر اظہار خیال کیجیے۔





۴۔ 'گلزار نسیم' کے اسلوب کی بنیادی خصوصیت کیا ہے؟

یا

'گلزار نسیم' کی کردار نگاری کا جائزہ لیجیے۔

۵۔ مرثیے کی مقبولیت کے اسباب بیان کیجیے۔

۶۔ 'وحید اختر' کے مرثیہ کی خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔

۷۔ ترقی پسند تحریک کو کیوں ایک خاص اہمیت حاصل ہے؟

۸۔ حالیؔ کی نظم نگاری پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

(حصّہ ج)

درج ذیل معروضی سوالات کے صحیح جوابات کی نشان دہی کیجیے۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔ ۱۰=۱۰×۱

۱۔ حالیؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(الف) پانی پت

(ب) دہلی

(ج) علی گڑھ

(د) لاہور

۲۔ 'ساقی نامہ' کیا ہے؟

(الف) مرثیہ

(ب) مثنوی

(ج) جدید نظم

(د) اقبال کے دیوان کا نام

۳۔ فیضؔ کے پہلے مجموعے کا نام کیا ہے؟

(الف) دستِ صبا

(ب) دست یہ سنگ

(ج) نقشِ فریادی

(د) سروادیٔ سینا

۴۔ 'سف الملوک وبدیع الجمال' کس کی مثنوی ہے؟

(الف) ملاّ وجہی

(ب) قلی قطب شاہ

(ج) غواصی

(د) نصرتی





۵۔ مرثیہ شہیدِ عطش کس کا ہے؟

(الف) وحید اختر

(ب) جوشؔ ملیح آبادی

(ج) میر انیسؔ

(د) مرزا دبیرؔ

۶۔ ''حلقہ اربابِ ذوق'' کا سب سے اہم شاعر کون تھا؟

(الف) قیوم نظر

(ب) یوسف ظفر

(ج) ضیا جالندھری

(د) میراجی

۷۔ 'ایک لڑکا' کس کی نظم ہے؟

(الف) فیضؔ

(ب) مخدوم

(ج) اختر الایمان

(د) جوش

۸۔ ’آخری امید‘ کا شاعر کون ہے؟

(الف) اقبال

(ب) اختر شیرانی

(ج) مخدوم

(د) وحید اختر

۹۔ وؔلی محمد کس کا نام تھا؟

(الف) جوش

(ب) نظیر اکبر آبادی

(ج) مخدوم

(د) میرا جی

۱۰۔ نظیر اکبر آبادی کا سنِ پیدائش کیا ہے؟

(الف) ۱۷۳۶ء

(ب) ۱۷۳۷ء

(ج) ۱۷۴۳ء

(د) ۱۷۳۰ء